INTER (TOSS) 306(U)
April / May 2023

# اردو

# (URDU)

## سوالیہ پرچہ کانمونہ

وقت:3 گھنٹے جملہ نشانات:100

ہدایات:
(1) یہ سوالیہ پرچہ (5) حصوں پر مشتمل ہے۔
(2) ہر حصے میں پوچھے گئے سوالوں کے جواب ہدایتوں کے مطابق لکھیے۔
(3) تمام سوالوں کے جواب، جوابی بیاض میں ہی لکھیے۔

## حصہ.1

I۔ سمجھنا۔اظہار خیال کرنا (نشانات 10)

1. (الف): ذیل کے کسی ایک بند کا خلاصہ لکھئے۔

اس خاک دل نشیں سے چشمے ہوئے وہ جاری
چین و عرب میں جن سے ہوتی تھی آبیاری
سارے جہاں پہ جب تھا وحشت کا ابر طاری
چشم و چراغ عالم تھی سرزمیں ہماری
شمع ادب نہ تھی جب یوناں کی انجمن میں
تاباں تھا مہر و دانش اس وادیٔ کہن میں

یا

(ب): پروانے کو دھن، شمع کو لو تیری ہے
عالم میں ہر ایک کو تگ و دو تیری ہے
صبح، نجوم و آفتاب و مہتاب
جس نور کو دیکھتا ہوں ضو تیری ہے

2. ذیل کی عبارت پڑھیئے اوراس کے تحت دیے گئے سوالوں کے جواب 1 '2 جملوں میں لکھئے۔ (5x1=5)

دل کی جس قدر بیماریاں ہیں ان میں سب سے زیادہ سپیکر خوشامد کا اچھا لگنا ہے۔ جس وقت کہ انسان کے بدن میں ایسا مادہ پیدا ہوجاتا ہے جو وبائی ہوا کے اثر کو جلد قبول کرلیتا ہے تو اسی وقت انسان مرض سپیکر میں گرفتار ہوجاتا ہے۔ اسی طرح جب کہ خوشامد کے اچھا لگنے کی بیماری انسان کو لگ جاتی ہے تو اس کے دل میں ایک ایسا مادہ پیدا ہوجاتا ہے جو ہمیشہ زہریلی باتوں کے زہر کو چوس لینے کی خواہش رکھتا ہے۔ جس طرح کہ خوش گلو گانے والے کا راگ اور خوش آئند باجے کی آواز انسان کے دل کو نرم کردیتی ہے اسی طرح خوشامد انسان کے دل کو ایسا پگھلا دیتی ہے کہ ہر ایک کانٹے کے چبھنے کی جگہ اس میں ہوجاتی ہے۔

اول اول یہ ہوتا ہے کہ ہم آپ اپنی خوشامد کرتے ہیں اور اپنی ہر ایک کو اچھا سمجھتے ہیں اور آپ ہی آپ اپنی خوشامد کرکے اپنے دل کو خوش کرتے ہیں پھر رفتہ رفتہ اوروں کی خوشامد ہم میں اثر کرنے لگتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اول تو خود ہم کو اپنی محبت پیدا ہوتی ہے۔ پھر یہی محبت ہم سے باغی ہوجاتی۔ اور ہمارے بیرونی دشمنوں سے جا ملتی ہے اور جو محبت و مہربانی ہم خود اس کے ساتھ کرتے تھے وہ ہم خوشامدیوں کے ساتھ کرنے لگتے ہیں اور وہی ہماری محبت یہ بتلاتی ہے کہ ان خوشامدیوں پر مہربانی کرنا نہایت حق اور انصاف ہے ہماری باتوں کو اچھا سمجھتے ہیں اور ان کی قدر کرتے ہیں۔ جب کہ ہمارا دل ایسا نرم ہوجاتا ہے اور اس قسم کے پھسلاوے اور فریب میں آجاتا ہے تو ہماری عقل خوشامدیوں کے مکر وفریب سے اندھی ہوجاتی ہے اور وہ مکر وفریب ہماری بیمار طبیعت پر غالب آجاتا ہے۔

خودی جو انسان کو برباد کرنے والی چیز ہے چپ چاپ سوئی ہوئی ہوتی ہے۔ خوشامد اس کو جگاتی ہے اور ابھارتی ہے اور جس کی خوشامد کی جاتی ہے اس میں چھچھورے پن کی کافی لیاقت پیدا کردیتی ہے۔ مگر یہ بات بخوبی یاد رکھنی چاہئے کہ جس طرح خوشامد ایک بدتر چیز ہے اسی طرح مناسب اور سچی تعریف کرنا نہایت عمدہ اور بہت ہی خوب چیز ہے۔

(الف) عموماً آدمی مہلک مرض میں کب مبتلا ہوتا ہے؟

(ب) وہ کون سی باتیں ہیں جو انسان کے قلب کو نرم کردیتی ہیں؟

(ج) انسانی عقل کب اور کیسے اندھی ہوجاتی ہے؟

(د) سچی اور اچھی مدح سرائی کرنا کیسا عمل ہے؟

(ھ) کم ظرفی کس میں پیدا ہوتی ہے۔

## حصہ.2

## اظہار مافی الضمیر ۔تخلیقی اظہار (60 نشانات)

## (A) خود لکھنا (50نشانات)

(الف) ذیل کے سوالوں کے جواب 8 تا10 سطور میں لکھئے ۔(4x5=20)

.3 کندن کی قوی شکل وصورت دیکھ کر مصنف کے احساسات قلمبند کیجئے ۔

.4 دیا سلائی نے خود روادار کہا۔ کیوں؟ وضاحت کیجیے۔

.5 چکبست نے ہندوستان کی آب وہوا کا ذکر کس انداز میں کیا ہے تحریر کیجئے ۔

.6 الطاف حسین حالی کی شاعرانہ عظمت پر روشنی ڈالئے ۔

(ب) ذیل کے سوالوں کے جواب 20 تا24 سطروں میں لکھئے ۔ (3x10=30)

.7 حمد میں شاعر نے اللہ کی عظمت کس طرح بیان کی ہے تحریر کیجئے ۔

یا

حقیقت اور مجاز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں مثالوں کے ساتھ تفصیل سے لکھئے ۔

.8 افسانہ حج اکبر کا خلاصہ تحریر کیجئے

یا

ہندوستانی ریل اور جاپانی ریل میں کیا فرق ہے وضاحت کیجئے ۔

.9 چار محل کی سجاوٹ کا منظر اپنے الفاظ میں لکھئے ۔

یا

غیبی امداد افسانے کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے ۔

## حصہ.3

## (B) تخلیقی اظہار

**(ج) ذیل میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے ۔(1x10=10 نشانات)**

.10 اپنی حاجت روائی کے لئے بارگاہ الٰہی میں دعائیہ کلمات تحریر کیجئے ۔

یا

''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا'' اس عنوان کے تحت دو صفحات کا مضمون لکھئے ۔

یا

تعلیم سے متعلق اپنے معلم سے انٹرویو کے لئے 20 سوالوں کا ایک سوالنامہ تیار کیجئے ۔

## حصہ.4

**III۔ زبان شناسی**

**(A) لفظیات (15 نشانات)**

(الف) ذیل کے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ 5x1=5

11. حوالے کرنا :
12. تفویض کرنا :
13. روگردانی کرنا :
14. بیگانگی :
15. پیرزال :

(ب) ذیل میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کر کے جوابی بیاض میں لکھیے۔ (5x1=5 نشانات)

16. اللہ کی ذات <u>ازل</u> سے ہے۔ خط کشیدہ لفظ کے معنی ہیں۔

A. ابتداء B. اوسط

C. ہمیشہ D. آخر

17. جنگل میں مور <u>رقص</u> کرتے ہیں۔ لفظ رقص کے معنی ہیں۔

A. پر پھیلانا B. رہنا

C. ناچنا D. گھونسلا بنانا

18. ''<u>پستی</u> سے آ گئی ہے دل کے حوصلوں میں'' خط کشیدہ لفظ کی ضد ہے۔

A. بلندی B. گہرائی

C. رذالت D. سمینگی

19. محاورہ ''دل بہلانا'' کے معنی ہیں۔

A. دل میں زخم ہونا B. دل کسی کام میں نہ لگنا

C. دل خوشی سے باغ باغ ہونا D. دل کا کسی کام میں مشغول ہونا

20. ''جامعہ تعلیم گاہ جس میں طلبا کے لیے جملہ یا اکثر علوم کی اعلیٰ تعلیم کا انتظام ہو'' اس جملے کا ایک لفظی متبادل ہے۔

A. اسکول B. کالج

C. یونیورسٹی D. ان میں کوئی نہیں

21. ہمارا ملک بہت سی خوبیوں کا مالک ہے۔ لفظ 'ملک' کی جمع ہے۔

A. املاک B. ممالک

C. ملکوں D. ملکیں

22. ہمیشہ شکایت کرنا اچھی بات نہیں۔ اس جملے میں لفظ 'شکایت' کا مترادف ہے۔

A. گلہ شکوہ B. جھگڑا

C. گالی گلوج D. تحسین

23. اس کے اغراض و مقاصد بیان کرو۔ لفظ اغراض کا واحد ہے۔

A. غرض B. غرضوں

C. مغرض D. غرضیں

24. احمد اپنا شک دور کرلو۔ کسی پر غیر ضروری گمان کرنا اچھی بات نہیں۔ اس جملے میں ایک معانی دینے والے الفاظ ہیں)

A. شک غیر ضروری B. شک، گماں

C. گماں، بات D. ان میں کوئی نہیں

25. حقیقت سے واقف ہونا ضروری ہے۔ اس جملے میں لفظ واقف کی ضد ہے۔

A. شناسا B. ناواقف

C. غیر شناسا D. کم واقف

## حصہ.5

## قواعد (نشانات15)

(الف) ذیل کے سوالوں کے صحیح جواب کا انتخاب کر کے علامت A/B/C/D کو جوابی بیاض میں لکھیے ۔ 15x1=15

26. ہکاری آواز والے حروف ہیں۔

A. 12 B. 13 C. 14 D. 15

27. حروف کی آواز اور ان کی تحریری شکلوں کا نام ہے

A. علم ہجا B. علم صرف C. علم نحو D. علم بدیع

28. یہ حروف ''حروف شمسی'' ہیں۔

A. ع غ B. ف ق C. س ش D. ج ح

29. یہ نجمہ کی کتاب ہے۔ خط کشیدہ لفظ ہے۔

A. حرف ربط B. حرف عطف C. حرف تخصیص D. حرف فجائیہ

30. یہ حرف فجائیہ کی مثال ہے۔

A. کو B. اور C. ہی D. ماشاءاللہ

31. غیر مستقل کلمہ کی قسمیں ہیں۔

A. 3 B. 4 C. 5 D. 6

32. یہ مرکب لفظ کی مثال ہے۔

A. کاغذات B. کتب C. قلم D. گلبدن

33. یہ ____ قیمتی ہار ہے۔ خالی جگہ کے لئے مناسب سابقہ یہ ہے۔

A. لا B. بے C. بیش D. پیش

34. یہ آدمی تجربہ____ ہے۔ خالی جگہ کے لئے مناسب لاحقہ یہ ہے۔

A. کار B. گاہ C. مند D. گر

35. بچو! آگے بڑھو۔ یہ جملہ اس کی مثال ہے۔

A. حالت ندائی B. حالت خبری C. حالت فاعلی D. حالت مفعولی

36. احمد آج ہی گھر گیا۔ اس جملے میں مبتدا ہے۔

A. آج B. ہی C. احمد D. گھر

37. یہ جنس حقیقی مونث کی مثال ہے۔

A. کافی B. پیالی C. ٹوکری D. مالن

38. ارکان تشبیہ ہیں

A. 3 B. 4 C. 5 D. 6

39. صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے
عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے
اس شعر میں یہ صنعت پائی جاتی ہے۔

A. تلمیح B. مبالغہ C. تضاد D. حسن تعلیل

40. لفظ ''اردو'' کے کل اعداد ہیں۔

A. 210 B. 211 C. 212 D. 214